سوال

(224) مرحوم مولانا سید احمد صاحب بریلوی کو زمانہ موجود کا امیر جاننا کیسا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مرحوم مولانا سید احمد صاحب بریلوی کو زمانہ موجود کا امیر جاننا کیسا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جناب سید احمد صاحب بریلوی کو موجودہ زمانہ کے مسلمانوں کا امیر اور امام سمجھنا جہالت اور حماقت ہے جس طرح خلفاء راشدین ابوبکر و عمر عثمان اور علی موجودہ دور کے امیر وامام نہیں ہوسکتے اس طرح سید احمد صاحب اس دور کے امیر وامام نہیں ہوسکتے۔ ہر امیر وامام کی امارت وامامت اس کی زندگی تک مفید اور قائم رہ سکتی ہے اس کے انتقال کے بعد زندہ رہنے والے مسلمانوں کے حق میں اس کی امارت عملا ختم ہوجاتی ہے۔ مرنے کے بعد مرنے والوں کو زندوں کا امیر وامام سمجھنا کہ اس یک امات وسیاست مفید ہوگی خبط وحماقت ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ شیخ الحدیث مبارکپوری

جلد نمبر 2۔ کتاب الإمارة

صفحہ نمبر 430

محدث فتویٰ